© rasailojaraid.com



حضرت عینک فریمی

# لوٹ مار چھین شاد باد

کھیت گھر زمین شاد باد کار بہترین شاد باد
پگڑیاں وزارتیں مکان کوٹھیاں، عمارتیں، دکان
لوٹ مار چھین شاد باد

بے وقوف لوگ ہیں عوام رہ گئے غلام کے غلام
کرسی، عہدہ سلطنت جوئندہ و پائندہ باد
لیڈروں کی منزل مراد

ہر طرف سفارشوں کا جال سرنگوں ترقی و کمال
پاک سرزمین میں حلال رشوتوں کا مال
رحمت خدائے ذوالجلال

## چودھویں سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس

### کارکنانِ احرار متوجہ ہوں:

تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے زیر اہتمام ۱۲۔ ربیع الاول کو مسجد احرار ربوہ میں چودھویں سالانہ سیرت کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ اس موقع پر حسب سابق جلوس بھی نکالا جائے گا۔

مجلس احرار اسلام کی تمام شاخیں درج ذیل ہدایات کی روشنی میں کانفرنس کو کامیاب بنانے کی بھرپور تیاری شروع کردیں۔ *کانفرنس میں شرکت کے لئے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو دعوت دیں۔

*پروپیگنڈا مہم تیز تر کردیں اور اپنے علاقے سے اخبارات کو مسلسل خبریں ارسال کریں۔

*کانفرنس میں شریک ہونے والے احباب کی تعداد سے مرکزی دفتر ملتان کو بروقت مطلع کریں

*ہر شاخ کم از کم بارہ جھنڈے ہمراہ لائے *ہر کارکن سرخ قمیض پہننے کا اہتمام کرے

*ہر قافلہ اپنا ایک امیر منتخب کرے اور اس کی اطاعت کرے *کانفرنس میں نظم و ضبط کا مکمل مظاہرہ کریں

مزید ہدایات بذریعہ سرکلر جلد ارسال کی جارہی ہیں۔

والسلام

سید محمد کفیل بخاری

ناظم استقبالیہ سیرت کانفرنس دار بنی ہاشم ۔ مہربان کالونی ملتان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پروفیسر محمد اکرام تائب
عارف والا

# یومِ آزادی

بام پر سبز پرچم اُڑاتے ہیں ہم
جھنڈیوں سے گھروں کو سجاتے ہیں ہم
گاؤں، قصبوں سے شہروں کو جاتے ہیں ہم
جوش سے نعرے مل کے لگاتے ہیں ہم
حلف جاں دینے کا پھر اُٹھاتے ہیں ہم
یوم آزادی اک دن مناتے ہیں ہم

مُرغ، مچھلی، بٹیرے پکاتے ہیں ہم
تکے، شامی سموسے بناتے ہیں ہم
لڈو، برفی، جلیبی بھی لاتے ہیں ہم
اپنے معمول سے بڑھ کے کھاتے ہیں ہم
کھا کے بوتل پہ بوتل چڑھاتے ہیں ہم
یوم آزادی اک دن مناتے ہیں ہم

یوں مسرت کا کرتے ہیں اظہار ہم
"ویڈیو" لاؤ کرتے ہیں اصرار ہم
ہم جواروں کو کرتے ہیں بیزار ہم
سونے والوں کو کرتے ہیں بیدار ہم
فلم بچوں کو شب بھر دکھاتے ہیں ہم
یومِ آزادی اک دن مناتے ہیں ہم

آب احمر بھی پیتے ہیں کچھ نوجواں
جگمگا اُٹھتے ہیں کچھ یہاں خاکداں
مسکرا کر لٹا کر غمِ دو جہاں
بھول کر تلخ ماضی کی سب داستاں

© rasailojaraid.com